# سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.KitaboSunnat.com

محمد رسول اللہ

تالیف
فضیلۃ الشیخ ابو نعمان بشیر احمد حفظہ اللہ

طیبہ قرآن محل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## ۳۱۳ سوال

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم، ازواج واولاد اور خلفائے راشدین کی سیرت پر نونہال اور عوام کے لئے انتہائی جامع، مختصر اور دلکش اسلوب میں

تالیف

فضیلۃ الشیخ ابو نعمان بشیر احمد حفظہ اللہ

www.kitabosunnat.com

ناشر

طیبہ قرآن محل فیصل آباد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں!


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ← | سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| مؤلف | ← | فضیلۃ الشیخ ابو نعمان بشیر احمد حفظہ اللہ |
| ناشر | ← | طیبہ قرآن محل فیصل آباد |
| اہتمام | ← | حافظ عمر فاروق |
| کمپوزنگ | ← | سبحان کمپیوٹرز اینڈ پرنٹرز فیصل آباد |


## ملنے کے پتے......!


مرکز علوم اسلامیہ ستیانہ بنگلہ

مکتبہ محمدیہ اردو بازار لاہور

مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

بسم الله الرحمن الرحيم

www.KitaboSunnat.com



# درودِ ابراہیمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فہرست



| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| | سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 9 |
| | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حسب ونسب اور خاندان | 10 |
| | رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیہ مبارک | 12 |
| | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن اور سفر | 15 |
| | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شباب | 17 |
| | نبوت | 18 |
| | تبلیغ | 19 |
| | ہجرت حبشہ | 20 |
| | اسراء ومعراج | 22 |
| | ہجرت مدینہ | 21 |
| | غزوات | 28 |
| | غزوہ بدر | 29 |
| | غزوہ اُحد | 31 |
| | غزوہ خندق | 33 |
| | غزوہ خیبر | 35 |
| | صلح حدیبیہ | 36 |
| | غزوہ فتح مکہ | 38 |



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| | غزوہ حنین | 39 |
| | غزوہ تبوک | 40 |
| | وفات | 42 |
| | ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 44 |
| | اولاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 49 |
| | **خلفائے راشدین** رضی اللہ عنہم | 52 |
| | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 52 |
| | حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 53 |
| | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 54 |
| | حضرت علی رضی اللہ عنہ | 55 |
| | عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم | 56 |


" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**سوال 1** سیرت مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا مراد ہے؟

**جواب** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعارف اور پیدائش سے وفات تک اسلوب زندگی۔

**سوال 2** ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی کیا ہے؟

**جواب** محمد اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**سوال 3** محمد اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معنی کیا ہے؟

**جواب** ''محمد'' کا معنی تعریف کیا گیا اور ''احمد'' کا معنی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا۔ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

**سوال 4** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام محمد کس نے رکھا؟

**جواب** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا عبدالمطلب نے۔

**سوال 5** آپ کا نام احمد کس نے رکھا؟

**جواب** آپ کی والدہ جناب آمنہ نے۔

**سوال 6** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت کیا تھی؟

**جواب** ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**سوال 7** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کب اور کہاں ہوئی؟

**جواب** 9 ربیع الاول عام الفیل مطابق 20 اپریل 571ء بروز پیر۔ عرب کے شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حسب ونسب اور خاندان

سوال 8 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب قبیلہ قریش سے۔

سوال 9 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب کس پیغمبر سے ملتا ہے؟

جواب سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے۔

سوال 10 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب کیا ہے؟

جواب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرّۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

سوال 11 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد، دادا اور نانا کا نام کیا ہے؟

جواب والد کا نام جناب عبداللہ، دادا کا نام عبدالمطلب اور نانا کا نام وہب بن عبد مناف ہے۔

سوال 12 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ، نانی اور دادی کا نام کیا ہے؟

جواب والدہ جناب آمنہ، نانی برّہ اور دادی فاطمہ بنت عمرو۔

سوال 13 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچا اور کتنی پھوپھیاں تھیں؟

جواب 9 یا 11 چچا اور 6 پھوپھیاں تھیں۔

سوال 14 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچا اور پھوپھیاں مسلمان ہوئے؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 2 چچا حضرت حمزہ اور حضرت عباس اور پھوپھی صفیہ رضی اللہ عنہم مسلمان ہوئے۔ عاتکہ واروی کے مسلمان ہونے میں اختلاف ہے۔

سوال 15 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے پہلے کس لونڈی نے دودھ پلایا؟

جواب ابولہب کی لونڈی ثویبہ نے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال ۱۶ رضاعی بہن بھائی کسے کہتے ہیں؟

جواب وہ بہن بھائی جو حقیقی ماں کے علاوہ کسی ایک ہی عورت کے دودھ پینے میں شریک ہوں۔

سوال ۱۷ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی اور حقیقی بھائی کتنے تھے؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی سات اور حقیقی بھائی کوئی نہیں تھا۔

سوال ۱۸ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس دایہ نے کتنا عرصہ دودھ پلایا؟

جواب حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے دو سال۔

سوال ۱۹ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین نے کب وفات پائی؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد آپ کی پیدائش سے تین ماہ پہلے اور والدہ نے آپ کی پیدائش سے چھ سال بعد وفات پائی۔

سوال ۲۰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد اور والدہ کہاں مدفون ہیں؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد مدینہ منورہ اور والدہ ابواء کے مقام پر مدینہ منورہ سے 23 کلومیٹر دور ہے۔

سوال ۲۱ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کے بعد کس نے پرورش کی؟

جواب دادا عبدالمطلب نے۔

سوال ۲۲ آپ کے دادا عبدالمطلب نے کب وفات پائی؟

جواب جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 8 سال 10 دن ہوئی۔

سوال ۲۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب حجون کے مقام پر (مکہ مکرمہ)۔

سوال ۲۴ دادا کی وفات کے بعد پرورش کس نے کی؟

جواب چچا ابوطالب نے جن کا اصل نام عبد مناف تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حلیہ مبارک

**سوال 25** رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟

**جواب** چہرہ مبارک قدرے گولائی میں، ٹھوڑی قدرے چھوٹی، پیشانی کشادہ اور روشن، البتہ ابھری نہ تھی۔

**سوال 26** رخسار مبارک کیسے تھے؟

**جواب** انتہائی نرم و ہموار، سفید سرخی مائل اور گوشت سے نہ بہت پُر اور نہ کم، بلکہ معتدل و خوبصورت تھے۔

**سوال 27** پلکیں اور ابرو مبارک کیسے تھے؟

**جواب** پلکیں طویل اور ابرو گنجان و باریک، خمدار اور باہم پیوستہ تھے۔

**سوال 28** آنکھ مبارک کیسی تھی؟

**جواب** قدرے بڑی، سیاہ و سفید، سرمگیں اور ہلکے سرخ ڈورے والی۔

**سوال 29** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناک مبارک کیسی تھی؟

**جواب** انتہائی خوبصورت باریک اور قدرے اونچی۔

**سوال 30** ہونٹ مبارک کیسے تھے؟

**جواب** انتہائی نرم اور سرخی مائل جیسے گلاب کی پتیاں۔

**سوال 31** دانت مبارک کیسے تھے؟

**جواب** انتہائی سفید، چمکدار، باریک اور سامنے کے دانتوں میں معمولی سا خوبصورت فاصلہ تھا۔

**سوال 32** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی مبارک کیسی تھی؟

**جواب** داڑھی مبارک گھنی اور سینہ مبارک کو ڈھانپتی تھی۔ آخر عمر میں چند بالوں کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

علاوہ باقی سیاہ تھی۔

سوال 33 گردن مبارک کیسی تھی؟

جواب گردن مناسب دراز اور انتہائی سفید۔

سوال 34 سر مبارک کیسا تھا؟

جواب قدرے بڑا لیکن نہایت موزوں، بال انتہائی سیاہ، ہلکے گھنگریالے اور وسط میں مانگ ہوتی تھی۔

سوال 35 آپ ﷺ کی آواز مبارک کیسی تھی؟

جواب آواز قدرے بلند و بھاری اور انتہائی خوشگوار، گفتگو ٹھہر ٹھہر کر اور شیریں انداز میں فرماتے تھے۔

سوال 36 آپ ﷺ کا قد مبارک کیسا تھا؟

جواب درمیانہ قد انتہائی خوبصورت اور مضبوط جوڑوں والا۔

سوال 37 کندھے مبارک کیسے تھے؟

جواب قدرے بھاری پُر گوشت ایک دوسرے سے فاصلے پر اور درمیان میں قدرے بائیں جانب مہر نبوت۔

سوال 38 مہر نبوت کیسی تھی؟

جواب کبوتری کے انڈے کے برابر، سرخی مائل ابھرے ہوئے گوشت کی طرح جس کے اطراف میں تل اور بال تھے۔

سوال 39 سینہ مبارک کیسا تھا؟

جواب سینہ مبارک کشادہ' قدرے ابھرا ہوا، پیٹ ہموار اور بالوں کی باریک لکیر والا، اور باقی جسم بالوں سے صاف۔

سوال 40 کلائیاں اور بازو کیسے تھے؟

www.kitabosunnat.com

www.KitaboSunnat.com



**جواب** کلائیاں دراز اور چوڑی' انتہائی مضبوط اور بازو گوشت سے پُر اور ہلکے خوب صورت بالوں سے مزین۔

**سوال ۴۱** ہتھیلیاں کیسی تھیں؟

**جواب** کشادہ، پُر گوشت، انتہائی نرم اور خوشبودار۔

**سوال ۴۲** انگلیاں مبارک کیسی تھیں؟

**جواب** اعتدال کے ساتھ لمبی، خوبصورت اور پُر گوشت۔

**سوال ۴۳** کمر مبارک کیسی تھی؟

**جواب** مناسب مقدار میں لمبی و پتلی اور خوبصورت منظر والی۔

**سوال ۴۴** پنڈلی مبارک کیسی تھی؟

**جواب** قدرے باریک، ہلکے پھلکے گوشت والی، انتہائی مناسب اور نرم۔

**سوال ۴۵** پاؤں مبارک کیسے تھے؟

**جواب** پُر گوشت اور ہموار، صاف اور نرم، قدرے لمبے، قدم کھڑا اور تلوے خالی اور ایڑیاں کم گوشت والی۔

**سوال ۴۶** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چال مبارک کیسی تھی؟

**جواب** انتہائی تواضع وانکساری والی، چلتے وقت معمولی سا آگے جھک کر چلتے اور پاؤں جھٹکے سے اٹھاتے تھے۔

**سوال ۴۷** جلد مبارک کیسی تھی؟

**جواب** انتہائی نرم وملائم اور بغیر خوشبو کے بھی معطر ہوتی۔

**سوال ۴۸** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکل وشباہت اور اخلاق وعادات کس پیغمبر سے ملتے تھے؟

**جواب** جد الانبیاء سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن اور سفر

سوال 49 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بچپن میں کیا پیشہ اختیار کیا تھا؟

جواب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بچپن میں بکریاں چرانے کا پیشہ اختیار کیا تھا۔

سوال 50 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلا سفر کب اور کہاں کیا؟

جواب 12 سال کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ ملک شام کی طرف۔

سوال 51 دوران سفر کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب عیسائی راہب بحیرہ سے، جس کا نام جرجیس تھا۔

سوال 52 اس نے کیا پیشین گوئی کی؟

جواب یہ بچہ یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نبی ہوں گے کیونکہ ہماری کتابوں میں موجود علامات ان میں پائی جاتی ہیں۔

سوال 53 کیا یہود و نصاریٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نبوت کی علامات پہچانتے تھے؟

جواب بالکل پہچانتے تھے، جیسا کہ قرآن پاک نے فرمایا:

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْرِفُوْنَہٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ ؕ

''اہل کتاب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔'' (سورۃ البقرہ: آیت ۱۴۶)

سوال 54 یہود و نصاریٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کو کیوں نہیں تسلیم کرتے تھے؟

جواب حسد، بغض اور مذہبی تعصب کی وجہ سے۔

سوال 55 شام کی طرف دوسرے سفر میں کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب شام کے شہر بصریٰ میں ''نسطورا'' راہب سے ملاقات ہوئی، اس نے علامات نبوت سے پہچان لیا اور کہا یہ آخری نبی ہے، کاش میں انہیں اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



وقت پاسکوں جب یہ مبعوث ہوں گے۔

سوال 56 اس سفر تجارت میں کون سا اہم واقعہ پیش آیا تھا؟

جواب بُصریٰ کے بازار میں ایک گاہک نے بحث وتکرار کے دوران کہا کہ اس پر لات وعزیٰ کی قسم کھائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''مَا حَلَفْتُ بِهِمَا قَطُّ وَإِنِّي لَأَمُرُّ بِهِمَا فَأُعْرِضُ عَنْهُمَا''

''میں نے کبھی ان کی قسم نہیں کھائی، کبھی ان کے پاس سے گزرنے کی نوبت آ جائے تو میں ان کی طرف سے منہ پھیر کر گزر تا ہوں۔''

سوال 57 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن کیسا تھا؟

جواب انتہائی مہذب، مؤدب اور مرتب، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ کبھی جھوٹ بولا، نہ وعدہ خلافی کی، نہ ہنسی مذاق اور زمانہ جاہلیت کا کوئی کام کیا۔

سوال 58 حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟

جواب جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک 15 سال ہوئی تو مکہ کے منصف مزاج اشخاص نے مظلوموں کی مدد کے لیے ایک انجمن تشکیل دی تھی جسے حلف الفضول کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اس انجمن کے رکن تھے۔

سوال 59 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسرا سفر شام کب کیا؟

جواب جب عمر مبارک 25 سال کے قریب تھی تو تجارت کی غرض سے سفر کیا اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ بھی ساتھ تھا۔

سوال 60 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجارت کیسے کی؟

جواب انتہائی امانت و دیانت اور صدق و وفا سے، حتیٰ کہ آپ کے خریدار شامی تاجر عرصہ طویل تک آپ کی امانت و دیانت کے گن گاتے رہے۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شباب

سوال 51 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا نکاح کب اور کس سے ہوا؟

جواب 25 سال کی عمر میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد سے۔

سوال 52 حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر اس وقت کتنی تھی؟

جواب 40 سال

سوال 53 آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمر رسیدہ اور بیوہ سے نکاح کیوں پسند کیا؟

جواب پاکدامنی، پاکیزہ اخلاق اور شرافت کی بناء پر۔

سوال 54 قوم کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا لقب ملا تھا؟

جواب صادق و امین کا لقب۔

سوال 55 حجر اسود کے نصب کرنے کا مسئلہ کب درپیش ہوا؟

جواب جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر 35 سال تھی تو حجر اسود کو نصب کرنے کا جھگڑا پیدا ہو گیا، قریب تھا کہ سیاہ پتھر، سرخ خون سے لبریز ہو جائے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا فیصلہ کیا کہ فتنے کا سانپ بھی مر گیا اور امن کی لاٹھی بھی بچ گئی۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# نبوت

**سوال 66** رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت کب ملی؟

**جواب** 21 رمضان بروز سوموار 41 میلادی مطابق 10 اگست 610ء

**سوال 67** نبوت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

**جواب** 40 سال، 6 ماہ اور 12 دِن (قمری)

39 سال، 3 ماہ اور 20 دِن (شمسی)

**سوال 68** پہلی وحی کس جگہ نازل ہوئی؟

**جواب** مکہ سے تقریباً 5 کلومیٹر دور، غارِ حرا میں۔

**سوال 69** کون سا فرشتہ، کون سی وحی لے کر آیا؟

**جواب** حضرت جبرائیل امین علیہ السلام (اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ) لے کر آئے۔

**سوال 70** دوسری وحی کون سی نازل ہوئی؟

**جواب** سُوْرَةُ الْمُدَّثِّر کی ابتدائی آیات۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# تبلیغ

**سوال 71** نبوت کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ کا آغاز کہاں سے کیا؟

**جواب** اپنے گھر اور قریبی رشتہ داروں سے۔

**سوال 72** ابتداء میں دعوت و تبلیغ کا کام کس طرح ہوتا تھا؟

**جواب** تین سال تک چھپ چھپا کر اور فرداً فرداً دعوت و تبلیغ کی۔

**سوال 73** سب سے پہلے کن لوگوں نے اسلام قبول کیا؟

**جواب** مردوں میں سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، بچوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ، غلاموں میں سے حضرت زید رضی اللہ عنہ اور عورتوں میں سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے پہلے اسلام قبول کیا۔

**سوال 74** علانیہ تبلیغ کہاں کی اور لوگوں نے کیسا سلوک کیا؟

**جواب** کوہ صفا پر چڑھ کر۔ اور مکہ والوں نے انتہائی برا سلوک کیا حتیٰ کہ مسلمان مکہ چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔

**سوال 75** مردوں اور عورتوں میں، سب سے زیادہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف کس نے دی؟

**جواب** مردوں میں سے ابوجہل جس کا نام عمرو بن ہشام تھا اور عورتوں میں سے ام جمیل جو ابولہب کی بیوی تھی۔

**سوال 76** اس خاندان کا نام بتائیں جس کو اسلام لانے کے سبب بڑی بڑی تکالیف دی گئی؟

**جواب** آل یاسر

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ہجرت حبشہ

**سوال 77** سب سے پہلے کتنے مسلمانوں نے کس جگہ ہجرت کی؟

**جواب** 12 مرد اور 4 عورتوں نے حبشہ کی طرف۔

**سوال 78** اس جوڑے کا نام بتائیں جس نے سب سے پہلے ہجرت حبشہ کی؟

**جواب** عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور ان کی بیوی رقیہ بنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**سوال 79** اس قافلے کے امیر کون تھے؟

**جواب** حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

**سوال 80** دوسری ہجرت حبشہ میں تعداد کیا تھی؟

**جواب** 83 مرد اور 18 عورتیں۔

**سوال 81** اس وقت حبشہ میں کس کی حکومت تھی؟

**جواب** اصحمہ بن اُبجُر نجاشی کی۔

**سوال 82** دربار حبش میں کس نے تقریر کی؟

**جواب** حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے سورت مریم تلاوت کر کے تقریر کی۔

**سوال 83** نجاشی پر اس تقریر کا کیا اثر ہوا؟

**جواب** وہ زاروقطار رونے لگا، تقریر کی تصدیق کی اور مہاجرین کو واپس بھیجنے سے انکار کر دیا۔

**سوال 84** پھر مشرکین نے مسلمانوں کے خلاف کیا حربہ استعمال کیا؟

**جواب** 3 سال تک شعب ابی طالب میں محصور کر دیا اور ہر طرح کا سوشل بائیکاٹ کر دیا، حتیٰ کہ صحابہ کرام درختوں کے پتے کھا کر زندگی گزارتے رہے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال: عام الحزن سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب آپ ﷺ کی عمر مبارک 49 سال ہوئی تو آپ کے ہمدرد چچا ابو طالب اور بیوی خدیجہ رضی اللہ عنہا وفات پا گئے اس لئے اس سال کو عام الحزن (غم کا سال) کہتے ہیں۔

سوال: طائف کہاں ہے، اہل طائف نے آپ سے کیا سلوک کیا؟

جواب: مکہ سے 120 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ اہل طائف نے آپ سے انتہائی برا سلوک کیا، شریر لڑکوں کو پیچھے لگا کر پتھر برسائے اور لہولہان کر دیا۔

سوال: شق قمر سے کیا مراد ہے؟

جواب: چاند کا دو ٹکڑے ہونا۔

سوال: یہ واقعہ کب رونما ہوا؟

جواب: مکی زندگی میں۔

سوال: اس واقعہ کا پس منظر کیا ہے؟

جواب: اہل مکہ نے آپ ﷺ سے نبوت کی نشانی کے طور پر شق قمر ہونے کا مطالبہ کیا تو یہ واقعہ رونما ہوا لیکن کافر پھر بھی نہیں مانے۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اسراء و معراج

**سوال** اسراء و معراج کا کیا معنی ہے؟

**جواب** اسراء "سیر" سے ہے یعنی رات کے وقت زمین پر چلنا اور معراج "عروج" سے ہے یعنی اوپر چڑھنا۔ مطلب یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے بیت اللہ سے لے کر بیت المقدس تک اسراء کی اور وہاں سے آسمانوں کی طرف معراج کی۔

**سوال** آپ ﷺ کس چیز پر سوار ہوئے تھے؟

**جواب** براق پر۔

**سوال** یہ اسراء و معراج آپ ﷺ نے نیند کی حالت میں کی یا بیداری کی حالت میں؟

**جواب** بیداری کی حالت میں اپنے جسم کے ساتھ۔

**سوال** آپ ﷺ کو معراج کب ہوئی؟

**جواب** مشہور قول کے مطابق 27 رجب 10 نبوت مطابق 8 مارچ 620ء کو معراج ہوئی۔

**سوال** تمام انبیائے علیہم السلام کی امامت کس نے اور کہاں کروائی؟

**جواب** ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے بیت المقدس میں امامت کرائی، جو اس بات کی دلیل ہے کہ آپ سید الانبیاء والرسل ہیں۔

**سوال** اس واقعہ کی خبر سن کر مشرکین مکہ نے کیا موقف اختیار کیا؟

**جواب** تکذیب کی اور مذاق اڑایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال: وہ کون تھا جس نے سب سے پہلے اس واقعہ کی تصدیق کی؟

جواب: ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: اس سفر کے دوران آپ نے کیا دیکھا؟

جواب: مختلف آسمان پر مختلف انبیاء سے ملاقات کی، جنت و جہنم کے مناظر دیکھے اور سدرۃ المنتہیٰ کا منظر دیکھا۔

سوال: معراج میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دربار الٰہی سے کیا تحفہ ملا؟

جواب: پچاس نمازیں جو کم کر کے پانچ کر دی گئیں، لیکن اجر و ثواب پچاس کا رکھا گیا۔

سوال: معراج سے پہلے کتنی نمازیں تھیں؟

جواب: فجر اور مغرب کی دو نمازیں۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ہجرت مدینہ

**سوال 100:** مشرکین مکہ کی تکلیفوں سے تنگ آکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کب اور کس طرف ہجرت کی؟

**جواب:** 27 صفر، 13 نبوت مطابق 12 ستمبر 622ء بروز جمعرات کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی جسے پہلے ''یثرب'' کہا جاتا تھا۔

**سوال 101:** ہجرت کی رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بستر پر کس کو سلایا؟

**جواب:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کو۔

**سوال 102:** ہجرت کے لئے اپنا ساتھی کس کو منتخب کیا؟

**جواب:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔

**سوال 103:** ہجرت کے وقت کس جگہ اور کتنے دن پناہ لی؟

**جواب:** غار ثور میں جو مکہ سے تقریباً 3 میل کے فاصلے پر ہے اور تین دن پناہ لی۔

**سوال 104:** غار ثور میں سب سے پہلے کون داخل ہوا؟

**جواب:** ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

**سوال 105:** مکہ والوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پکڑنے کے لئے کتنا انعام رکھا؟

**جواب:** ہر ایک کے بدلے میں 100 اونٹ انعام رکھا۔

**سوال 106:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعاقب کس نے کیا؟ اور اس کا انجام کیا ہوا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعاقب سراقہ بن مالک نے کیا، اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا اور وہ خود بھی نیچے گر پڑا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال 107 مدینہ سے پہلے آپ ﷺ نے کہاں اور کتنے دن قیام فرمایا؟

جواب مدینہ سے 3 میل دور قبا بستی میں، چار دن قیام فرمایا۔ بعض نے 14 دِن قیام کہا ہے۔

سوال 108 قبا میں اہم کام کون سا کیا تھا؟

جواب مسجد قبا کی بنیاد رکھی۔

سوال 109 آپ ﷺ مدینہ میں کب پہنچے؟

جواب 12 ربیع الاول 1ھ بمطابق 27 ستمبر 622ء بروز جمعہ۔

سوال 110 مدینہ میں آپ ﷺ نے کس کے ہاں قیام فرمایا؟

جواب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ہاں۔

سوال 111 جس جگہ مسجد نبوی تعمیر کی گئی وہ کس کی زمین تھی؟

جواب سہل اور سہیل بن عمرو، دو یتیم بچوں کی۔

سوال 112 اس زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟

جواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال 113 مسجد نبوی کس چیز سے تعمیر کی گئی؟

جواب کچی اینٹوں، کھجور کے تنوں اور اس کی شاخوں سے تعمیر کی گئی۔

سوال 114 صفہ سے کیا مراد ہے؟

جواب مسجد نبوی کے ایک کونے میں چبوترہ تھا، جہاں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔

سوال 115 مدینے میں کتنی قسم کے لوگ تھے؟

جواب تین قسم کے: مسلمان، منافق، یہود

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال 116** یہود کا سب سے بڑا کون سا عالم مسلمان ہو گیا تھا؟

**جواب** حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ۔

**سوال 117** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رشتہ اخوت کن کے درمیان اور کس جگہ قائم کیا؟

**جواب** انصار اور مہاجرین کے درمیان، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے مکان پر۔

**سوال 118** اس اجتماع میں کتنی تعداد تھی؟

**جواب** 45 مہاجرین اور 45 انصار کی۔

**سوال 119** وہ کون سے صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اذان کا طریقہ خواب میں دیکھا؟

**جواب** حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے۔

**سوال 120** پہلے مسلمان کس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے؟ اور کتنا عرصہ پڑھی؟

**جواب** بیت المقدس کی طرف 16 یا 17 ماہ۔

**سوال 121** بیت المقدس کس جگہ ہے؟

**جواب** فلسطین میں۔

**سوال 122** بیت اللہ کو قبلہ کب بنایا گیا؟

**جواب** شعبان 2 ہجری مطابق 624ء میں۔

**سوال 123** بیت اللہ کس جگہ ہے اور مسجد نبوی کہاں ہے؟

**جواب** بیت اللہ مکہ مکرمہ میں اور مسجد نبوی مدینہ منورہ میں۔

**سوال 124** بیت اللہ کے اور کون کون سے مشہور نام ہیں؟

**جواب** خانہ کعبہ، بیت مکرم، بیت حرام، بیت اللہ، مسجد حرام، قبلہ۔

**سوال 125** روزہ اور زکوۃ کب فرض ہوئے؟

**جواب** روزہ شعبان 2 ہجری زکوۃ شوال 2 ہجری میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال 126** باجماعت عیدالفطر کی نماز کب پڑھی گئی؟

**جواب** 2 ہجری مطابق 624ء میں۔

**سوال 127** صدقۃ الفطر کب اور کن پر فرض ہوا؟

**جواب** 2 ہجری مطابق 624ء میں عید سے دو دن پہلے، ہر چھوٹے بڑے مسلمان پر فرض ہے۔

**سوال 128** میثاق مدینہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب** آپ ﷺ کی آمد سے پہلے مدینہ کی حالت قبائلی نظام پر تھی، ہر قبیلہ خود مختار تھا تو آپ نے تمام قبائل کو متحد کر کے ایک نظام میں پرو دیا۔

**سوال 129** میثاق مدینہ کن بنیادوں پر ہوا تھا؟

**جواب** مذہبی آزادی، ریاست کی حفاظت اور مظلوموں کی مدد پر۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوات

سوال 130 غزوہ کسے کہتے ہیں؟

جواب جس جنگ میں رسول کریم ﷺ نے خود شرکت فرمائی ہو، عموماً اسے غزوہ کہتے ہیں؟

سوال 131 سَرِیَّة کسے کہتے ہیں؟

جواب سَرِیَّة کی جمع سرایا ہے، وہ فوجی دستہ جسے آپ ﷺ نے روانہ کیا ہو لیکن خود اس میں شرکت نہ کی ہو۔

سوال 132 غزوات کی تعداد کتنی ہے؟

جواب 27 یا 28، بعض نے دو کو ایک میں ضم کر کے کم تعداد بھی بیان کی ہے۔

سوال 133 سرایا کی تعداد کتنی ہے؟

جواب 76 یا 77۔ بعض نے اس سے کم بھی بیان کی ہے۔

سوال 134 سب سے پہلے کون سا غزوہ ہوا؟

جواب غزوہ ابواء، جو صفر 2 ہجری کو واقع ہوا۔

❁❁❁

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ بدر

سوال 135: بدر کہاں واقع ہے؟

جواب: مدینہ طیبہ سے تقریباً 155 کلومیٹر دور۔

سوال 136: جنگ بدر کب ہوئی؟

جواب: رمضان 2 ہجری میں۔

سوال 137: رسول اکرم ﷺ مدینہ سے کب روانہ ہوئے؟

جواب: 12 رمضان المبارک 2ھ مطابق 8 مارچ 624ء۔

سوال 138: مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: 77 مہاجرین اور 236 انصار، کل تعداد 313 تھی۔ بعض کے نزدیک 84 مہاجرین اور 229 انصار تھے۔

سوال 139: مسلمانوں کے پاس سامان جنگ کیا تھا؟

جواب: 2 گھوڑے، 70 اونٹ، 6 زرہیں اور 8 تلواریں۔

سوال 140: کافروں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: ایک ہزار (1000) کا لشکر۔

سوال 141: کافروں کا جنگی سامان کیا تھا؟

جواب: 100 گھوڑے، 700 اونٹ اور اسلحہ سے مکمل لیس۔

سوال 142: اس غزوہ میں پرچم کا رنگ اور اٹھانے والے کا نام کیا تھا؟

جواب: پرچم کا رنگ سفید اور اٹھانے والے سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تھے۔

سوال 143: جنگ کب شروع ہوئی؟

جواب: 17 رمضان 2ھ مطابق 13 مارچ 624ء بروز منگل۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال 144: اس غزوہ میں کتنے فرشتوں نے شرکت کی؟

جواب: ایک ہزار (1000)

سوال 145: کتنے مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا؟

جواب: 14 مسلمان شہید ہوئے۔

سوال 146: کتنے کافر واصل جہنم ہوئے اور کتنے قیدی ہوئے۔

جواب: 70 قتل ہوئے اور 70 قید۔

سوال 147: ابو جہل کو کس نے قتل کیا؟

جواب: معوذ رضی اللہ عنہ اور معاذ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال 148: نتیجہ کیا نکلا؟

جواب: مسلمانوں کو عظیم کامیابی حاصل ہوئی۔

سوال 149: وہ کونسے صحابی ہیں جو غزوہ میں شریک نہ ہو سکے لیکن اجر اور حصہ لینے میں برابر کے شریک تھے؟

جواب: عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

سوال 150: اس غزوہ کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کس بیٹی کا انتقال ہوا؟

جواب: حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کا۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ اُحد

**سوال 151** اُحد کس چیز کا نام ہے؟

**جواب** ایک پہاڑ ہے جو مسجد نبوی سے 5 کلومیٹر دور ہے۔

**سوال 152** یہ جنگ کب واقع ہوئی؟

**جواب** 6 شوال 3 ہجری مطابق 26 جنوری 625ء۔

**سوال 153** کفار کی تعداد کتنی تھی؟

**جواب** تین ہزار (3000)۔

**سوال 154** کفار کا جنگی سازوسامان کیا تھا؟

**جواب** 200 گھوڑے، 3000 اونٹ، 1500 عورتوں کے ہودج اور ہر طرح کا جنگی اسلحہ۔

**سوال 155** مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

**جواب** 700، کیونکہ 300 منافق راستے سے ہی واپس آ گئے تھے۔

**سوال 156** مسلمانوں کا کتنا نقصان ہوا؟

**جواب** 70 شہید ہوئے اور 45 زخمی۔

**سوال 157** کافر کتنے قتل ہوئے؟

**جواب** 30 قتل ہوئے۔

**سوال 158** آخرکار کامیابی کس کو ہوئی؟

**جواب** مسلمانوں کو۔

**سوال 159** مسلمانوں کا زیادہ نقصان کیوں ہوا؟

**جواب** درّے پر مقرر پچاس صحابہ میں سے بعض کی غلطی کی وجہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال ۱۸۰** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کون سے چچا اس جنگ میں شہید ہوئے؟

**جواب** سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ۔

**سوال ۱۸۱** حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قاتل کون تھا؟

**جواب** وحشی بن حرب۔

**سوال ۱۸۲** اس جنگ میں شہید ہونے والے وہ کون سے صحابی تھے جن کو فرشتوں نے غسل دیا؟

**جواب** حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہ۔

**سوال ۱۸۳** کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی زخمی ہوئے؟

**جواب** ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دانت مبارک شہید ہوئے اور سر میں خود کی کڑیاں دھنس گئیں۔

**سوال ۱۸۴** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حملہ کس نے کیا تھا؟

**جواب** ابن قمہء نے، اور افواہ پھیلا دی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شہید ہو گئے ہیں۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ خندق

**سوال 165** خندق کا کیا معنی ہے؟

**جواب** گہری کھائی (گڑھا)۔

**سوال 166** اس غزوے کا نام خندق کیوں رکھا گیا؟

**جواب** دشمن سے بچاؤ کے لئے مدینہ منورہ کے گرد نہر کی طرح گہری خندق کھودی گئی تھی اس لئے اس کا نام جنگ خندق مشہور ہو گیا۔

**سوال 167** خندق کی پیمائش کتنی تھی؟

**جواب** 4 کلومیٹر لمبائی، 7 میٹر چوڑائی اور 5 تا 8 میٹر گہرائی۔

**سوال 168** خندق کس کے مشورہ سے کھودی گئی تھی؟

**جواب** حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے۔

**سوال 169** اس جنگ کا دوسرا نام کیا ہے؟

**جواب** جنگ احزاب، کیونکہ اس میں کفار کی بہت سی جماعتوں نے مل کر مسلمانوں پر حملہ کیا تھا۔

**سوال 170** خندق کھودنے کے دوران کیا معجزہ ظاہر ہوا؟

**جواب** حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے ایک بکری کے بچے اور اڑھائی کلو جو کا کھانا ایک ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کھایا اور کھانے میں کوئی کمی واقع نہ ہوئی۔ اور اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سخت چٹان کو ایک کدال ماری تو وہ ریزہ ریزہ ہو گئی۔

**سوال 171** کیا خندق کھودنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک ہوئے تھے؟

**جواب** جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال ۱۷۲** یہ جنگ کب واقع ہوئی؟

**جواب** شوال 5 ہجری مطابق 2 مارچ 627ء۔

**سوال ۱۷۳** مسلمان اور کافروں کی تعداد کیا تھی؟

**جواب** مسلمان تین ہزار (3000) اور کافر دس ہزار (10000)۔

**سوال ۱۷۴** کتنے مسلمان شہید اور کتنے کافر قتل ہوئے؟

**جواب** 6 مسلمان شہید ہوئے اور 10 کافر قتل ہوئے۔

**سوال ۱۷۵** جنگ کا انجام کیا ہوا؟

**جواب** کفار ایک ماہ مدینہ منورہ کا محاصرہ کرنے کے بعد ناکام و ذلیل ہو کر واپس لوٹ گئے۔

**سوال ۱۷۶** غزوہ خندق میں مسلمانوں سے عین وقت پر غداری کس نے کی تھی؟

**جواب** یہودیوں کے قبیلہ بنو قریظہ نے۔

**سوال ۱۷۷** غداری کا نتیجہ کیا نکلا؟

**جواب** بنو قریظہ پر حملہ کر کے ان کے مردوں کو قتل کیا گیا، عورتوں و بچوں کو قیدی بنایا گیا اور جائیدادوں کو مال غنیمت بنایا گیا۔

❀❀❀

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ خیبر

**سوال 178** خیبر کہاں واقع ہے؟

**جواب** مدینہ منورہ سے تقریباً 165 کلومیٹر کے فاصلے پر۔

**سوال 179** یہ غزوہ کب پیش آیا؟

**جواب** محرم 7 ہجری میں۔

**سوال 180** اس غزوہ کا پرچم کس کے ہاتھ میں تھا؟

**جواب** حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔

**سوال 181** مسلمانوں اور یہودیوں کی تعداد کتنی تھی؟

**جواب** مسلمان چودہ سو (1400) مرد، اور 20 عورتیں زخمیوں کی مرہم پٹی کے لئے اور یہودی دس ہزار (10000)۔

**سوال 182** کتنے مسلمان شہید اور کتنے یہودی قتل ہوئے؟

**جواب** 15 یا 16 مسلمان شہید ہوئے اور 93 یہودی قتل ہوئے۔

**سوال 183** اس جنگ کا نتیجہ کیا نکلا؟

**جواب** مسلمانوں کو فتح مبین حاصل ہوئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# صلح حدیبیہ

**سوال 184** حدیبیہ کس جگہ واقع ہے؟

**جواب** مکہ مکرمہ سے جدید شاہراہ جدہ پر 22 کلومیٹر کے فاصلے پر، جسے آج کل شمیسی کہتے ہیں۔

**سوال 185** آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے بغرض عمرہ کب روانہ ہوئے؟

**جواب** یکم ذی قعدہ 6ھ بیر کے دن۔

**سوال 186** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کتنے اصحاب تھے؟

**جواب** چودہ سو (1400) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

**سوال 187** حدیبیہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے دن قیام فرمایا؟

**جواب** 20 دن۔

**سوال 188** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصل صورت حال بیان کرنے کے لئے کس کو سفیر بنا کر مکہ کی طرف بھیجا تھا؟

www.kitabosunnat.com

**جواب** حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو۔

**سوال 189** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی افواہ پھیلی تو آپ نے کیا کیا؟

**جواب** تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بیعت لی کہ عثمان رضی اللہ عنہ کا بدلہ لئے بغیر واپس نہیں جائیں گے۔اس کا نام بیعت رضوان یا بیعت الشجرہ رکھا گیا۔

**سوال 190** صلح کی شرائط کیا تھیں؟

**جواب** (۱) مسلمانوں اور مکہ والوں کے درمیان 10 سال تک جنگ بند رہے گی۔

(۲) مسلمان اس سال عمرہ کئے بغیر واپس چلے جائیں اور آئندہ سال عمرہ کے لئے آئیں اور تین دن تک مکہ میں ٹھہریں گے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(۳) جو قبیلہ بھی جس فریق کے عہد میں آنا چاہتا ہو آسکتا ہے۔

(۴) قریش کا کوئی آدمی مسلمانوں کی پناہ میں جائے گا تو اسے واپس کیا جائے گا لیکن مسلمانوں کے آدمی کو قریش واپس نہ کریں گے۔

**سوال ۱۹۱** صلح حدیبیہ کا نتیجہ کیا نکلا؟

**جواب** مسلمانوں کو دعوتِ اسلام دینے کے بہت سے مواقع مل گئے اور دو سال میں بہت سے قریشی سردار اور کئی قبائل اسلام میں داخل ہو گئے، اس طرح صلح حدیبیہ انتہائی کامیابی کا ذریعہ ثابت ہوئی۔

**سوال ۱۹۲** صلح حدیبیہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت اسلام کا کیا طریقہ اپنایا؟

**جواب** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مختلف سلاطین اور بادشاہوں کو خطوط کے ذریعے تبلیغ کی۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ فتح مکہ

**سوال 193** یہ غزوہ کس سال ہوا؟

**جواب** رمضان المبارک 8 ہجری مطابق جنوری 630ء میں۔

**سوال 194** مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

**جواب** دس ہزار (10000)

**سوال 195** کتنے مسلمان شہید اور کتنے کافر قتل ہوئے؟

**جواب** 2 مسلمان شہید ہوئے اور 12 کافر قتل ہوئے۔

**سوال 196** نتیجہ کیا نکلا؟

**جواب** مسلمانوں کو بہترین کامیابی حاصل ہوئی۔

**سوال 197** فتح مکہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے دن مکہ میں رہے؟

**جواب** 18 دن۔

**سوال 198** فتح مکہ کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کیا کام کیا؟

**جواب** بیت اللہ کا طواف کیا، حجر اسود کو بوسہ دیا اور بیت اللہ کو بتوں سے صاف کیا۔

**سوال 199** بیت اللہ کے اندر اور ارد گرد اس وقت کتنے بت تھے؟

**جواب** 360 بت تھے۔ آپ ان کو چھڑی سے گراتے اور یہ آیت پڑھ رہے تھے:

(جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا)

**سوال 200** فتح مکہ کے بعد آپ نے بیت اللہ کی چابی کس کو دی؟

**جواب** حضرت عثمان بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ کو۔

**سوال 201** مکہ فتح ہونے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ سے کیا سلوک کیا تھا؟

**جواب** تمام کو معاف کر دیا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ حنین

سوال 202 حنین کہاں واقع ہے؟

جواب حنین ایک وادی کا نام ہے جو مکہ سے 20 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

سوال 203 یہ جنگ کب واقع ہوئی؟

جواب شوال 8 ہجری مطابق 630ء میں۔

سوال 204 مسلمانوں اور کافروں کی تعداد کیا تھی؟

جواب مسلمان بارہ ہزار (12000) اور کافر تیس ہزار (30000) تھے۔

سوال 205 کتنے مسلمان شہید ہوئے اور کتنے کافر واصل جہنم ہوئے؟

جواب 6 مسلمان شہید ہوئے اور 71 کافر واصل جہنم ہوئے۔

سوال 206 مال غنیمت میں کیا کچھ ملا؟

جواب 6000 قیدی، 24000 اونٹ، 40000 سے زیادہ بکریاں اور 489 کلو گرام یعنی 12 من سے زائد چاندی۔

سوال 207 آپ ﷺ نے قیدیوں سے کیا سلوک کیا؟

جواب بلا معاوضہ تمام کو رہا کر دیا اور ساتھ کپڑے بھی دیئے۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# غزوہ تبوک

**سوال 208** تبوک کہاں ہے اور غزوہ کب ہوا؟

**جواب** مدینہ سے 90 کلومیٹر دور، رجب 9 ہجری مطابق 630ء کو۔

**سوال 209** غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے؟

**جواب** جیش العسرۃ کیونکہ یہ غزوہ سخت گرمی اور تنگ حالات میں واقع ہوا تھا۔

**سوال 210** مسلمانوں اور کافروں کی تعداد کیا تھی؟

**جواب** مسلمان تیس ہزار (30000) اور کافر ایک لاکھ (100000) تھے۔

**سوال 211** غزوہ تبوک کا سب سے بڑا پرچم اٹھانے کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

**جواب** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔

**سوال 212** انجام کیا ہوا؟

**جواب** دشمن جنگ کیے بغیر مرعوب ہو کر چلے گئے اور لشکر اسلام نے وہاں 20 دن قیام کیے رکھا۔

**سوال 213** اس جنگ میں منافقوں کے علاوہ کون سے تین سچے مسلمان بھی پیچھے رہ گئے تھے؟

**جواب** کعب بن مالک، مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہم، ان تینوں کی توبہ کے بارے میں سورۃ التوبہ کی آیت نمبر 118 نازل ہوئی۔

**سوال 214** عہد نبوی میں تمام جنگوں میں قتل ہونے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

**جواب** 400 اور 500 کے درمیان۔

**سوال 215** اسلام اور غیر اسلام میں جنگ کا کیا تصور ہوتا ہے؟

**جواب** اسلام میں جنگ کا تصور یہ ہوتا ہے کہ مظلوموں کی مدد کرنا، ظالموں کی سرکوبی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کرنا، بے سہارا کا سہارا بننا، زمین میں امن و امان پیدا کرنا، عدل کا نفاذ کرنا، بندوں کو بندوں کی غلامی سے نجات دلا کر خالق کی غلامی میں لانا اور ظالم حکمرانوں کے کالے قوانین سے نکال کر خالق کے پاکیزہ نظام کے نفاذ کی کوشش کرنا۔

جبکہ غیر مسلموں کے ہاں جنگ کا یہ تصور ہے کہ بے رحم قتل و غارت کرنا، انسانوں و املاک کو جلانا، لوٹ مار کرنا، عورتوں کی بے حرمتی کرنا، بے بس افراد اور جانوروں کو تباہ کرنا اور زمین میں فساد برپا کر کے اپنی دھونس جمانا وغیرہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# وفات

**سوال 216** آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار کب ہوئے؟

**جواب** 29 صفر 11 ہجری مطابق 632ء بروز پیر۔

**سوال 217** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے دن بیمار رہے؟

**جواب** 13 یا 14 دن۔

**سوال 218** بیماری کے ایام میں کتنے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں آکر نماز پڑھائی؟

**جواب** 11 دن اور باقی ایام میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جماعت کرائی۔

**سوال 219** رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کب وفات پائی؟

**جواب** 12 ربیع الاول 11 ہجری، مطابق 7 جون 632ء بروز پیر، 63 سال 4 دن کی عمر پاکر۔ (اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ)

**سوال 220** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری وصیت کیا فرمائی؟

**جواب** نماز اور اپنے غلاموں کا خیال رکھنا۔

**سوال 221** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے آخری الفاظ کون سے نکلے؟

**جواب** اَللّٰهُمَّ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی۔

**سوال 222** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا گیا؟

**جواب** تین سفید سوتی یمنی چادروں میں، ان میں کرتا اور پگڑی نہ تھی۔

**سوال 223** وفات کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی کا بوسہ کس صحابی نے لیا؟

**جواب** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

**سوال 224** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل کس نے دیا؟

**جواب** حضرت علی، حضرت عباس اور ان کے بیٹے حضرت فضل، حضرت قثم اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حضرت اسامہ رضی اللہ عنہم نے۔

سوال 225 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر میں اتارنے والے صحابہ کے نام کیا ہیں؟

جواب حضرت علی، حضرت عباس اور ان کے دو غلام رضی اللہ عنہم۔

سوال 226 آپ کو کس جگہ دفن کیا گیا اور قبر کی کونسی قسم تھی؟

جواب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں، لحد والی قبر کھودی گئی۔

سوال 227 آپ کی قبر کس صحابی نے کھودی؟

جواب حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال 228 نماز جنازہ کیسے ادا کی گئی؟

جواب دس دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حجرہ میں تشریف لے جاتے اور درود شریف پڑھ کر واپس آجاتے۔

سوال 229 آپ نے کتنے دن دنیا میں گزارے؟

جواب 22330 دن اور 6 گھنٹے، جس میں 8156 دن بعد از اعلان نبوت کے ہیں۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ازواج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**سوال 230** رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی بیویاں تھیں؟

**جواب** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گیارہ بیویاں تھیں۔

**سوال 231** ان کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

**جواب** (۱) حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا، (۲) حضرت سودہ رضی اللہ عنہا
(۳) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، (۴) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا
(۵) حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا، (۶) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
(۷) حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا، (۸) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا
(۹) ام حبیبہ رضی اللہ عنہا، (۱۰) حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا، (۱۱) حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا

**سوال 232** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں کتنی بیویاں وفات پا گئی تھیں؟

**جواب** دو بیویاں، حضرت خدیجہ اور حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا۔ گویا ایک وقت میں 9 ازواج مطہرات آپ کے ہاں تھیں۔

**سوال 233** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

**جواب** حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے۔

**سوال 234** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد خویلد بن اسد اور والدہ فاطمہ بنت زائدۃ تھیں۔

**سوال 235** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر مبارک کتنی تھی؟

**جواب** 64 سال 6 ماہ

**سوال 236** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس سے نکاح کیا؟

**جواب** حضرت سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

**سوال 237** نکاح کے وقت عمر کتنی تھی؟

**جواب** آپ اور حضرت سودہ تقریباً ہم عمر تھے۔ یعنی 50 یا 51 سال کے۔

**سوال 238** حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

**جواب** شوال 54 ہجری مطابق 674ء کو، 84 یا 85 سال کی عمر میں۔

**سوال 239** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور والدہ اُم رومان رضی اللہ عنہا بنت عویمر۔

**سوال 240** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

**جواب** 17 رمضان المبارک 58 ہجری کو، 66 سال کی عمر میں۔

**سوال 241** حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور والدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت مظعون۔

**سوال 242** حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

**جواب** 45 ہجری، 60 سال کی عمر میں۔

**سوال 243** آپ کا حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟

**جواب** شعبان 3 ہجری مطابق 625ء کو۔

**سوال 244** حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟

**جواب** 3 ہجری مطابق 624ء کو۔

**سوال 245** حضرت زینب رضی اللہ عنہا کتنا عرصہ آپ کی رفاقت میں زندہ رہیں؟

**جواب** 2 یا 3 ماہ اور 30 سال کی عمر میں وفات پائی۔

**سوال 246** حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام ہے؟

**جواب** والد ابوامیہ سہیل اور والدہ کا نام عاتکہ تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

**سوال 247** آپ ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کب نکاح کیا؟

**جواب** شوال 4 ہجری مطابق مارچ 626ء کو۔

**سوال 248** حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

**جواب** 62 ہجری، 84 سال کی عمر میں۔

**سوال 249** حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد کا نام جحش بن ریاب اور والدہ کا نام امیمہ بنت عبدالمطلب۔

**سوال 250** حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح آپ ﷺ سے کب ہوا؟

**جواب** ذی قعدہ 5ھ میں۔

**سوال 251** حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے کب وفات کب ہوئی؟

**جواب** 20 ہجری، مطابق 641ء، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں، اس وقت ان کی عمر 53 سال تھی۔

**سوال 252** آپ ﷺ نے حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بنت حارث سے کب نکاح کیا؟

**جواب** شوال 5 ہجری مطابق 626ء کو، جب ان کی عمر 20 سال تھی۔

**سوال 253** حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

**جواب** 50 ہجری، 65 سال کی عمر میں۔

**سوال 254** ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نام کیا تھا؟

**جواب** برۃ بنت حارث بن ضرار، آپ ﷺ نے جویریہ نام رکھا۔

**سوال 255** ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

**جواب** رملہ یا برّہ۔

**سوال 256** سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد کا نام ابوسفیان بن حرب اور والدہ کا نام صفیہ بنت ابی العاص۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال 257** آپ ﷺ نے ان سے کب نکاح کیا؟

**جواب** ذوالحجہ 6 ہجری۔

**سوال 258** حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

**جواب** 44 ہجری میں۔

**سوال 259** ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد کا نام حُیَیّ بن اخطب اور والدہ ضَرّہ یا بَرَّہ۔

**سوال 260** حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

**جواب** زینب بنت حُیَیّ بن اخطب، صفیہ کا معنی چنی ہوئی، کیونکہ جنگ خیبر کے قیدیوں میں سے انہیں آپ ﷺ کے لیے منتخب کرلیا گیا تھا۔

**سوال 261** سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟

**جواب** غزوہ خیبر کے بعد، 7 ہجری میں۔

**سوال 262** ان کی وفات کب ہوئی تھی؟

**جواب** رمضان المبارک 50 ہجری، 60 سال کی عمر میں۔

**سوال 263** ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے والدین کا کیا نام تھا؟

**جواب** والد کا نام حارث بن حزن اور والدہ کا نام ہند۔

**سوال 264** سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟

**جواب** عمرۃ القضاء کے سال، 7 ہجری میں۔

**سوال 265** حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

**جواب** 51 ہجری، 81 سال کی عمر میں۔ سرف مقام پر، جہاں نکاح و رخصتی ہوئی تھی اسی مقام پر وفات ہوئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال 266:** کیا امہات المومنین کے علاوہ آپ ﷺ کی لونڈیاں بھی تھیں؟

**جواب:** جی ہاں! حضرت ماریہ قبطیہ اور حضرت ریحانہ بنت زید رضی اللہ عنہما۔

**سوال 267:** ازواج مطہرات کا امہات المومنین (مومنوں کی مائیں) کیوں کہا جاتا ہے؟

**جواب:** عزت و احترام میں اور نبی کے بعد کسی کے لیے ان سے نکاح حلال نہ ہونے میں تمام ازواج النبی ماؤں کے قائم مقام ہیں۔

❁❁❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## اولادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**سوال 268** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کتنی تھی؟

**جواب** 3 فرزندان اور 4 دختران طاہرات رضی اللہ عنہم۔

**سوال 269** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

**جواب** بیٹے: قاسم، عبداللہ (طیب، طاہر) اور ابراہیم رضی اللہ عنہم۔

بیٹیاں: زینب، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ عنہن۔

**سوال 270** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کس زوجہ محترمہ سے ہوئی؟

**جواب** ابراہیم کے علاوہ باقی تمام اولاد سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے ہوئی۔

**سوال 271** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے ابراہیم رضی اللہ عنہ کس سے پیدا ہوئے تھے؟

**جواب** آپ کی باندی حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے۔

**سوال 272** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت کس بیٹے کے نام پر رکھی گئی؟

**جواب** سب سے پہلے بیٹے ''قاسم رضی اللہ عنہ'' کے نام پر۔

**سوال 273** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے قاسم رضی اللہ عنہ نے کب وفات پائی؟

**جواب** 2 سال کی عمر میں، 9 سال قبل از نبوت۔

**سوال 274** کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اولاد عالم شباب کو پہنچی؟

**جواب** نہیں، صرف دختران طاہرت جوانی تک بقید حیات رہیں۔

**سوال 275** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دختران کب تک حیات رہیں؟

**جواب** سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ باقی تمام دختران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں ہی وفات پاگئیں تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



**سوال 276** سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

**جواب** حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ سے۔

**سوال 277** کیا سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی اولاد تھی؟

**جواب** جی ہاں! ایک بیٹا علی بن ابوالعاص اور ایک بیٹی امامہ رضی اللہ عنہما۔

**سوال 278** حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی وفات کب ہوئی؟

**جواب** 8 ہجری 31 سال کی عمر میں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود جنازہ پڑھایا۔

**سوال 279** حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

**جواب** حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے۔

**سوال 280** حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی اولاد تھی؟

**جواب** جی ہاں! صرف ایک بیٹا عبداللہ بن عثمان جو 6 سال کی عمر میں وفات پا گئے تھے۔

**سوال 281** حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

**جواب** 2 ہجری میں 21 سال کی عمر مبارک میں وفات پائی۔

**سوال 282** ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

**جواب** حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد ربیع الاول 3 ہجری میں سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ہوا۔

**سوال 283** سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی اولاد تھی؟

**جواب** نہیں۔

**سوال 284** ان کا انتقال کب ہوا؟

**جواب** شعبان 9 ہجری میں، 26 یا 27 سال کی عمر میں وفات پائی۔

**سوال 285** سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

**جواب** حضرت علی رضی اللہ عنہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال 286 سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کتنی اولاد ہوئی؟

جواب تین بیٹے حضرت حسن، حسین اور محسن رضی اللہ عنہم اور دو بیٹیاں حضرت ام کلثوم و زینب رضی اللہ عنہما۔ سیدنا محسن کا انتقال بچپن میں ہو گیا تھا۔

سوال 287 حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

جواب 3 رمضان المبارک 11 ہجری، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے چھ ماہ بعد تقریباً 30 سال کی عمر مبارک میں۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

**سوال 288** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

**جواب** عبداللہ اور ابوبکر ان کی کنیت تھی۔

**سوال 289** آپ رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟

**جواب** ''صدیق'' اور ''عتیق''۔

**سوال 290** آپ رضی اللہ عنہ کے والد کا نام اور کنیت کیا تھی؟

**جواب** نام عثمان اور کنیت ابوقحافہ تھی۔

**سوال 291** کیا آپ رضی اللہ عنہ کے والد محترم نے اسلام قبول کیا تھا؟

**جواب** جی ہاں! انہوں نے فتح مکہ کے وقت اسلام قبول کیا تھا۔

**سوال 292** آپ رضی اللہ عنہ نے کتنا عرصہ خلافت کی؟

**جواب** 2 سال، 3 ماہ اور 10 دن۔

**سوال 293** آپ رضی اللہ عنہ کی وفات کب ہوئی؟

**جواب** 22 جمادی الآخرۃ 13 ہجری، 63 سال کی عمر میں۔

**سوال 294** آپ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

**جواب** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

**سوال 295** دفن کہاں کیے گئے؟

**جواب** رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

سوال 296: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت اور لقب کیا تھا؟

جواب: کنیت ابوحفص اور لقب فاروق تھا۔

سوال 297: آپ رضی اللہ عنہ کب خلیفہ بنے؟

جواب: جمادی الآخرۃ 13 ہجری کو۔

سوال 298: آپ رضی اللہ عنہ نے کتنا عرصہ خلافت کی ذمہ داری نبھائی؟

جواب: 10 سال، 6 ماہ اور 10 دِن۔

سوال 299: آپ کی فتوحات کا رقبہ کتنا ہے؟

جواب: ساڑھے بائیس لاکھ مربع میل۔

سوال 300: آپ رضی اللہ عنہ کو شہید کس نے کیا اور کب کیا؟

جواب: مجوسی غلام ابولولو فیروز نے 26 یا 27 ذوالحجہ 23 ہجری کو شہید کیا۔ اس وقت عمر 63 سال تھی اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔

سوال 301: آپ رضی اللہ عنہ دفن کہاں کئے گئے؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں، سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں۔

❀❀❀

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

**سوال 302** سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی کنیت اور لقب کیا تھا؟

**جواب** کنیت ''ابوعبداللہ'' اور ''ابوعمرو'' اور لقب ''ذوالنورین''۔

**سوال 303** آپ رضی اللہ عنہ کے والد کا نام کیا تھا؟

**جواب** عفان بن ابوالعاص۔

**سوال 304** آپ رضی اللہ عنہ خلیفہ کب بنے؟

**جواب** حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد 24 ہجری میں۔

**سوال 305** آپ رضی اللہ عنہ نے کتنا عرصہ خلافت کی؟

**جواب** 12 سال سے چند دن کم۔

**سوال 306** وفات کب پائی؟

**جواب** 8 ذوالحجہ، 35 ہجری میں 82 سال کی عمر میں وفات پائی۔

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت علی رضی اللہ عنہ

**سوال 207** حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

**جواب** ''ابوالحسن'' اور ''ابوتراب''۔

**سوال 208** آپ رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟

**جواب** حیدر (شیر)

**سوال 209** والد کا نام کیا تھا؟

**جواب** ابوطالب بن عبدالمطلب۔

**سوال 210** حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسلام کب قبول کیا؟

**جواب** 10 سال کی عمر میں۔

**سوال 211** آپ رضی اللہ عنہ نے کتنا عرصہ خلافت کی؟

**جواب** 4 سال اور 9 ماہ۔

**سوال 212** آپ رضی اللہ عنہ نے شہادت کب پائی؟

**جواب** 18 یا 21 رمضان المبارک 40 ہجری کو 63 سال کی عمر میں، اور آپ کے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم

**سوال:** عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے اور وہ کون ہیں، نام بتائیں؟

**جواب:** وہ دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا میں ہی جنت کی بشارت سنائی۔

(1) سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

(2) سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

(3) سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

(4) سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

(5) سیدنا حضرت طلحہ بن عبیداللہ قریشی رضی اللہ عنہ

(6) سیدنا حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

(7) سیدنا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

(8) سیدنا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

(9) سیدنا حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

(10) سیدنا حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "


www.KitaboSunnat.com



# یادداشت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "


# ادارہ کی دیگر مطبوعات









طیبہ قرآن محل گلی نمبر 5 منشی محلہ امین پور بازار فیصل آباد
041-2624007
0333-6574758